۱۴۱ ن۔ ۲

وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ

۱۴۱ ن۔

طلبا کے لیے تحفۂ نایاب

یعنی

تکمیل الصرف

مؤلفہ

بحر العلوم حضرت علامہ مفتی سید محمد افضل حسین صاحب قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

(سابق مفتی جامعہ قادریہ رضویہ۔ فیصل آباد)

مکتبۃ قادریۃ رضویۃ

محلہ مصطفےٰ آباد۔ سرگودھا روڈ۔ فیصل آباد

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَیْکَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ط

طلبائے کے لیے تحفۂ نایاب،

یعنی

تکمیل الصرف

مؤلفہ

بحرالعلوم حضرت علامہ مفتی سید محمد افضل حسین صاحب قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

(سابق مفتی جامعہ قادریہ رضویہ - فیصل آباد)

مکتبہ قادریہ رضویہ

محلہ مصطفےٰ آباد - سرگودھا روڈ فیصل آباد

ذخیرہ

Marfat.com

جُملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

60065

نام کتاب : ــــــــــ تکمیل الصرف

تالیف : ــــــــــ مفتی سید محمد افضل حسین

بارِ اوّل : ــــــــــ سنہ ۱۴۰۲ھ

ناشر : ــــــــــ سید محمد احمد

کتابت : ــــــــــ محمد عاشق حسین ہاشمی

طباعت : ــــــــــ

اشاعت : ــــــــــ ایک ہزار

صفحات : ــــــــــ ۱۱۲

قیمت : ــــــــــ

ملنے کے پتے

مکتبہ قادریہ رضویہ ۔ محلہ مصطفےٰ آباد ۔ سرگودھا روڈ ۔ فیصل آباد

سُنّی رضوی اکیڈمی ۱۵/۱۰۳۴ فیڈرل بی ایریا دستگیر کالونی کراچی ۳۸ فون ۲۸۱۹۰۶

سُنّی رضوی اکیڈمی پورٹ لوئس ماریشش (بحر ہند) فون ۲۴۵۸

مکتبہ قادریہ، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور

مکتبہ نوریہ رضویہ ۔ گلبرگ اے فیصل آباد / ۱۱ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

بخاری کتب خانہ ڈگلس پورہ گلی ۱ فیصل آباد

نُوری کتب خانہ ۔ مین بازار ۔ داتا صاحب ۔ لاہور

نوری بک ڈپو ۔ امین پور بازار ۔ فیصل آباد

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ صرف

جاننا چاہیئے کہ کسی بھی لغت اور بولی کو سمجھنے اور اس پر عبور کے لئے سب سے پہلے اس کے مفردات کی تفتیش اور جستجو ضروری ہوتی ہے۔ تاکہ اس لغت میں مفرداتِ مستعملہ کے تمام انواع و اقسام پھر ان سے تراکیب کلمات اور معانی ظاہرہ کا صحیح علم حاصل کیا جاسکے۔

زیرِ مطالعہ کتاب چونکہ فن لغت المعروف علم صرف میں ترتیب دی گئی ہے خصوصاً اس میں مبتدی کیلئے مقدمہ کے عنوان سے مختصر طور پر علمِ صرف کے چند اساسی امور قلم بند کیے جاتے ہیں۔ چنانچہ سب سے پہلے حرف، لفظ اور صیغہ کا تعارف ازبس ضروری ہے تاکہ مبتدی کو علمِ صرف کے صیغہ جات کی پہچان اور شناخت حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ صیغہ کی روشنی میں تمام افعال اور اسماء کی گردانوں پر پورا پورا دسترس بھی حاصل ہوجائے

یاد رہے کہ لغت عربی میں کلام کا تمام تر دارو مدار حرف، کلمہ اور صیغہ پر ہے اور تفہیم لغت عربی اور قرآن مجید کی تعلیم کے لئے غیر عربی بلکہ سارے لوگوں کی تعلیم کا آغاز حروفِ ہجا سے ہوتا ہے اور ابتداء میں حروفِ تہجی کی پہچان کرائی جاتی ہے اور عربی زبان کے کُل حروف تہجی ۲۸ یا ۲۹ ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کو حرف کہا جاتا ہے۔ اور ان میں دو دو یا تین تین یا چار چار یا پانچ پانچ یا چھ چھ کے مجموعہ کو کلمہ اور صیغہ کہا جاتا ہے اگرچہ کلمہ اور صیغہ ایک وجہ سے متحد ہیں۔ لیکن صیغہ اپنی گردانوں کے ہیر پھیر میں کلمہ سے مختلف بھی ہوجاتا ہے

Marfat.com

کیونکہ کلمہ عام لفظ کا نام ہے اور صیغہ لفظ کی ایک خاص صورت کا نام ہے ۔ ماہرین علم صرف نے کلمہ کی تعریف میں فرمایا ہے کہ

کلمہ ایک لفظ ہے جس کو ایک معنی معیّن کے مقابلہ میں بنایا گیا ہے اور صیغہ اپنی پہچان میں کلمے کا مختلف صورتوں میں ڈھلنے کا نام ہے کیونکہ لغت کی کتابوں میں صیغہ کا لغوی اور مصطلح معنیٰ جُدا جُدا ہے ۔ مثلاً صیغہ کا لغوی معنیٰ پانی کا زمین میں بیٹھ جانا ۔ پگھلانا اور صیغہ کا معنیٰ ڈھالنا بھی آتا ہے اور صرفیوں کی اصطلاح میں صیغہ کا معنیٰ کلمہ سے ایک خاص وزن پر دوسرا کلمہ بنانا یا ایک مخصوص نمونہ پر کلمہ کو ڈھالنا آتا ہے ۔ اسی لئے زرگروں یعنی سناروں کو عربی میں صائغ کہا جاتا ہے کیونکہ وہ سونا ، چاندی کو زیورات کے مختلف نمونوں میں ڈھالتے ہیں اور اسی سے محاورۂ عرب ہے ۔

صَاغَ الکَلِمَۃَ وصَاغَ الکَلَامَ یعنی کلمہ اور کلام کو تتے رنگ میں ڈھالا ۔ اور کلمہ کا اسماء و افعال کی گردانوں میں ہر ایک صیغہ دوسرے سے مختلف ہوتا چلا جاتا ہے ۔

اگرچہ چند مقامات میں بعض صیغے ایک ہی نمونہ پر گردانے جاتے ہیں جس طرح فعلِ ماضی میں صیغہ تثنیہ مذکر مخاطبین و مونث مخاطبتین اسی طرح فعل مضارع میں تثنیہ مذکر غائبین کے سوا تینوں تثنیہ کے صیغے اور اسم ظرف اور آلہ کی صرف پہلی دو نوع میں وزنِ مفاعل ایک ہی نمونہ پر مستعمل ہے ۔ تفصیل امثالِ حرف ، کلمہ اور صیغہ یہ ہے کہ الف ۔ با ۔ تا ۔ ثا ۔ ج ۔ حا ۔ خا وغیرہ الخ ۔

یہ سب حروف محضہ ہیں ان سے کوئی معنیٰ مراد نہیں ہوتا ۔

اور زیدٌ ۔ رجلٌ ۔ فرسٌ ۔ ضَرَبَ ۔ یَضْرِبُ ۔ ضَارِبٌ مَضْرُوْبٌ مِضْرَابٌ اَضْرَبُ ۔ ضَرْبِیْ میں سے ہر ایک کلمہ ہے مگر بعض ان سے صیغہ بھی کہلاتے ہیں

Marfat.com

مثلاً ضَرَبَ ۔ یَضْرِبُ ۔ اِضْرِبْ ۔ لَا تَضْرِبْ ۔ ضَارِبٌ ۔ مَضْرُوْبٌ ۔ مِضْرَابٌ مَضْرَبٌ ۔ ضَرْبِیْ یہ سب صیغے ہیں ۔ اور کلمات بھی کیونکہ یہ تمام ہمیشہ ایک ہی مستقل وزن پر مستعمل ہوتے ہیں ۔ خواہ صحیح کے کسی بھی مادہ سے ہوں ۔ برخلاف زیدٌ رجلٌ ۔ فرسٌ ۔ شجرٌ ۔ حجرٌ کے کہ سب کلمہ محضہ ہیں ۔ ان کی مختلف صورتوں میں گردانیں ممکن نہیں کیونکہ یہ اُحاد محضہ ہیں ۔ اور ابتدائی زمانہ وضع سے صرف احاد ہی ہیں اور اسی ایک ہی شکل اور نمونہ میں اُحاد پر دلالت کے لئے بنائے گئے ہیں اور کسی اصل سے مختلف صورتوں میں نہیں بدلتے ہیں ۔

مزید یہ کہ صرفیوں کے نزدیک علم صرف کی اصل بنیاد کلمہ ہے ۔ اور کلمہ کے تین اقسام ہیں ۔ اسم ۔ فعل ۔ حرف ۔

اسم کی مثال رجلٌ ۔ فرسٌ ۔ فعل کی مثال ضَرَبَ ۔ دَحْرَجَ حرف کی مثال مِنْ ۔ اِلٰی ۔ حتّٰی وغیرہ پھر حرف دو قسم پر ہے ۔ حرف محض اور حرف رابطہ یا معنیٰ چنانچہ تمام حروف تہجی حروف محضہ بے معنیٰ یعنی نقوش ہیں کیونکہ ان سے معانی مقصودہ پر دلالت نہیں کرائی جاتی بلکہ ان سے غرض اصلی صرف اور صرف تراکیب کلمات ہوتی ہے ۔ اور تمام حروف غیر مستقل معنیٰ رابطیہ ہیں جو دو یا تین حروف تہجی کا مجموعہ ہو کر ایک معنیٰ خاص مقصودی پر دال ہوتے ہیں مثلاً مِنْ ۔ اِلٰی ۔ حتّٰی مُنْذُ ۔ مُنْذُ وغیرہ واضح ہوا کہ کلمہ کی تقسیم میں تیسری قسم جو حرف ہے وہ حرف غیر مستقل معنیٰ رابطی ہے اور غیر مستقل معنی کا مطلب یہ ہے کہ وہ حروف تنہا اپنا معنے واضح نہیں کر سکتے تاوقتیکہ دو اسموں یا فعل اور اسم کے ساتھ ترکیب میں نہ ہوں اور جملہ مرکبہ کی ترکیب میں ہونے سے اپنی معنی واضح کرجاتے ہیں ۔ مشہور مثال ذَهَبْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَی الْکُوْفَةِ

پھر اسم کی تین قسمیں ہیں ۔ سہ حرفی جیسے زیدٌ ۔ رجلٌ ۔ چہار حرفی جیسے

Marfat.com

جَعفَرٌ۔ عقرَبٌ۔ پنج حرفی جیسے سفرجلٌ۔ غضنفرٌ اور فعل کی مشہور
چار قسمیں ہیں تین حرفی جیسے ضَرَبَ چار حرفی جیسے دَحرَجَ پنج حرفی جیسے اِحمَرَّ شش حرفی جیسے اِستَن
معلوم ہونا چاہیئے کہ فعل ثلاثی و رباعی میں مثال ہمیشہ فعل ماضی کے پہلے صیغہ
سے دی جاتی ہے کیونکہ فعل کی تمام اقسام میں فعل ماضی اصل ہوتا ہے۔ حرف دو
قسم ہے، اصلی و زائدہ۔ صرفیوں کی اصطلاح میں حرف اصلی وہ ہوتا ہے جو کسی بھی
کلمہ کے وزن کرنے میں ف، ع۔ ل کلمہ کے مقابلہ میں آتے اور زائدہ اس طرح
نہیں ہوتا۔

میزان کلام عرب چنانچہ صرفیوں نے کلمات کے وزن میں حروف ہجاء میں
شفوی، وسطی، حلقی کے اعتبار سے ف۔ ع۔ ل کے مجموعہ کو میزان کلام عرب
قرار دیا ہے تاکہ اوزان کلمات میں حروف اصلی و زائدہ ایک دوسرے سے ممتاز
ہو جائیں اور صیغہ کا صحیح وغیر صحیح ہونا واضح پتہ چل جائے۔

علاوہ ازیں عام طور پر استعمال ہونے والے افعال کو ۳۵ ابواب پر تقسیم کیا
گیا ہے۔ چھ ثلاثی مجرد باعتبار اختلاف حرکاتِ عین کلمہ فعل ماضی و مضارع اور ماسوا
ان کے شاذ ہیں۔ ۱۲ ثلاثی مزید فیہ اور یہ سب مصادر قیاسیہ میں ہمیشہ ایک ہی
وزن پر ہر مادہ سے آتے ہیں۔ ماسوائے مصدر تفعیل کہ کلّم کِلّاماً اور مصدر باب
مفاعلہ کہ قَاتَلَ قِتَالاً وقِیْتَالاً اور مصدر باب تفعّل کہ تحمّل تحمّالا
اور مصدر رباعی مجرد کہ زَلزَلَ زِلزَالاً بھی آتے ہیں۔ صرف ایک باب رباعی
مجرد دَحرَجَ ہے۔ اور اس کے چھ ہم وزن ملحقاتِ رباعی مجرد کہلاتے ہیں اور تین
ابواب رباعی مزید فیہ جبکہ اس کے پانچ ہم وزن ملحقات تدَحرَجَ اور دو ہم وزن
ملحقات اِحرَنجَمَ کہلاتے ہیں۔

اقبال مصطفوی

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمدلله الذی بیدہ تصریف الاحوال وازالة العلة وتخفیف الاثقال والصلوٰة والسلام علی من زینه بمحاسن الافعال وعلی اٰله واصحابه المنارعین ایاہ فی الادب والاعمال- امابعد فیقول الفقیر الیٰ ربه القدیر المفتی السید محمد افضل حسین غفرله ولوالدیه رب الکونین انی قد الفت فی الصرف کتابا مختصرا سمیته ببدایة الصرف ثم بعد حین اختلج فی قلبی ان اذکرمما بقی من مباحثه قدرالابد منه للطالبین فالفت کتابا اٰخر سمیته بتکمیل الصرف وکان ذلك فی اوائل سنة الف وثلاث مائة وتسعین من ھجرة سید المرسلین علیه وعلیٰ اله الصلوٰة والسلام الیٰ یوم الدین ونسأل الله تعالیٰ رب العٰلمین ان ینفع بھما الطالبین وھوحسبی ونعم المولیٰ ونعم الوکیل وما توفیقی الا بالله العلی الجلیل واعلموا اخوانی ان لا یجب التزام ترتیب اخترته فی ھٰذاالکتاب لا علی المعلم ولا علی المتعلم ولاباس بالانتخاب فی التعلیم والتعلم لکن اوصیکم بان تعلموا وتتعلموا ھٰذاالکتاب کله ولوبلاترتیب-

Marfat.com

(۱) فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں، ماضی مطلق۔ ماضی قریب۔ ماضی بعید، ماضی استمراری، ماضی تمنائی۔ ماضی احتمالی۔

(۲) ماضی مطلق: اس فعل کو کہتے ہیں، جس سے یہ معلوم ہو کہ گزرے ہوئے زمانہ میں کام ہوا ہے۔ لیکن یہ نہ معلوم ہو کہ تھوڑی دیر پہلے ہوا یا زیادہ دیر پہلے ہوا جیسے وہ لایا۔

(۳) ماضی قریب: اس فعل کو کہتے ہیں، جس سے یہ معلوم ہو کہ گزرے ہوئے زمانہ میں تھوڑی دیر پہلے کام ہوا ہے جیسے وہ لایا ہے۔

(۴) ماضی بعید: اس فعل کو کہتے ہیں جس سے یہ معلوم ہو کہ گزرے ہوئے زمانہ میں بہت دیر پہلے کام ہوا ہے جیسے وہ لایا تھا۔

(۵) ماضی استمراری: اس فعل کو کہتے ہیں جس سے یہ معلوم ہو کہ گزرے ہوئے زمانہ میں کام ہوتا تھا جیسے وہ لاتا تھا۔

(۶) ماضی تمنائی: اس فعل کو کہتے ہیں جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے ہونے کی آرزو ظاہر ہو جیسے وہ لاتا۔

(۷) ماضی احتمالی: اس فعل کو کہتے ہیں جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے ہونے میں شک ظاہر ہو جیسے وہ لایا ہوگا۔

(۸) ماضی مطلق کے صیغے "ہدایۃ الصرف" میں مذکور ہو چکے ہیں۔

(۹) ماضی مطلق پر لفظ قَدْ بڑھانے سے ماضی قریب بن جاتی ہے جیسے قَدْ ضَرَبَ اس نے مارا ہے قَدْ ضُرِبَ وہ مارا گیا ہے۔

(۱۰) ماضی مطلق کے چودہ صیغوں کے شروع میں کَانَ۔ کَانَا۔ کَانُوا۔ کَانَتْ۔ کَانَتَا۔ کُنَّ۔ کُنْتَ۔ کُنْتُمَا۔ کُنْتُمْ۔ کُنْتِ۔ کُنْتُمَا۔ کُنْتُنَّ۔ کُنْتُ۔ کُنَّا۔ لگانے سے ماضی بعید کے چودہ صیغے بن جاتے ہیں جیسے کَانَ ضَرَبَ اس نے مارا تھا کَانُوا ضَرَبُوا ان سب نے مارا تھا۔ کَانَ ضُرِبَ وہ مارا گیا تھا۔ کَانُوا ضُرِبُوا وہ سب مارے گئے۔

Marfat.com

(۱۱) مضارع کے چودہ صیغوں کے شروع میں کَانَ - کَانُوا - کَانَتْ - کَانَتَا - کُنَّ - کُنْتَ - کُنْتُمَا - کُنْتُمْ - کُنْتِ - کُنْتُمَا - کُنْتُنَّ - کُنْتُ - کُنَّا - لگانے سے ماضی استمراری کے چودہ صیغے بن جاتے ہیں جیسے کَانَ یَضْرِبُ وہ مارتا تھا۔ کَانُوا یَضْرِبُوْنَ وہ سب مارتے تھے۔ کَانَ یُضْرَبُ وہ مارا جاتا تھا۔ کَانُوا یُضْرَبُوْنَ وہ سب مارے جاتے تھے۔

(۱۲) ماضی مطلق پر لفظ لَیْتَمَا زیادہ کرنے سے ماضی تمنائی بن جاتی ہے جیسے لَیْتَمَا ضَرَبَ۔ وہ مارتا لَیْتَمَا ضُرِبَ۔ وہ مارا جاتا۔

(۱۳) ماضی مطلق پر لفظ لَعَلَّمَا زیادہ کرنے سے ماضی احتمالی بن جاتی ہے جیسے لَعَلَّمَا ضَرَبَ - اس نے مارا ہوگا۔ لَعَلَّمَا ضُرِبَ - وہ مارا گیا ہوگا

نصیحت : ماضی کی چھ قسموں کی گردانیں اور مشق اچھی طرح کی جائے۔

(۱۴) اسم کی تین قسمیں ہیں : مصدر۔ مشتق - جامد۔

مصدر: اس اسم کو کہتے ہیں جو کسی کام کے ہونے یا کرنے پر دلالت کرے اور اس کے فارسی معنی کے آخر میں دن یا تن ہو اور اردو معنی کے آخر میں نا ہو جیسے اَلضَّرْبُ زدن یعنی مارنا۔ اَلْقَتْلُ کُشتن یعنی قتل کرنا۔

مشتق: اس اسم کو کہتے ہیں جو فعل سے بنایا گیا ہو جیسے نَاصِرٌ۔ مَنْصُوْرٌ۔

جامد: اس اسم کو کہتے ہیں جو نہ مصدر ہو، نہ مشتق ہو جیسے رَجُلٌ - حِمَارٌ۔ قِرْطَاسٌ۔

(۱۵) فعل، مصدر، اور اسم مشتق یہ تینوں صرف ثلاثی اور رباعی ہی ہوتے ہیں، لیکن جامد کبھی خماسی بھی ہوتا ہے، مثلاً رَجُلٌ ثلاثی مجرد ہے اور حِمَارٌ ثلاثی مزید فیہ ہے اور جَعْفَرٌ رباعی مجرد ہے اور قِرْطَاسٌ رباعی مزید فیہ ہے اور سَفَرْجَلٌ خماسی مجرد ہے اور قَبَعْثَرَیٰ خماسی مزید فیہ ہے

(۱۶) ثلاثی مجرد کے مصادر کے اوزانِ کثیر اور سماعی ہیں جن میں چالیس اوزان بعض علما نے نظم میں بیان کیے ہیں، یہاں پر وہ نظم لکھی جاتی ہے :

Marfat.com

از ثلاثی مجرد چہل و چار ۱ وزن مصدر آمدہ اے ذی وقار
فَعل و فَعلیٰ فَعلَۃٌ فَعلَان بفتح ۲ قَتل و دَعویٰ رَحمَۃٌ لَیَان بفتح
ہم بخواں[1] در چار[2] فتح دوم ۳ عین ثالث[3] دال بفتح و کسر ہم
فِعل و فِعلیٰ فِعلَۃٌ فِعلَان بکسر ۴ فِسق و ذِکریٰ نِشدَۃٌ حِرمَان بکسر
فُعل و فُعلیٰ و فُعلَۃٌ فُعلَان بضم ۵ شُغل بُشریٰ کُدرَۃٌ غُفرَان بضم
مَفعَلَۃ مَفعَل فَعَل فَعلُولَۃ ست ۶ مَنقَبَۃ مَدخَل طَلَب قَیلُولَۃ ست
فَیعلُولَۃ ہم فَعَالَۃ ہم فَعَال ۷ نحو کَینُونَۃ شَہَادَۃ ہم کَمَال
ہم فَعَالِیَۃ[4] ازیں اوزان بداں ۸ پس کَرَاھِیَۃ[5] شدہ موزوں آں
عین[6] واول در ہمہ مفتوح خواں ۹ عین رابع گشت مستثنیٰ ازاں
مَفعِلَۃ مَفعِل فَعِل فَعلُوَۃ ست ۱۰ مَحمِدَۃ مَرجِع خَنِق جَبرُوَۃ ست

---

[1] قولہ ہم بخواں۔ اس سے پہلے چار اوزان مذکور ہو چکے ہیں، اب پانچویں وزن کا ذکر ہے۔ وہ پانچواں وزن فَعَلَان ہے جیسے سَیَلان و نَزَوَان ۱۲ منہ [2] قولہ چار میں یعنی چوتھا وزن جو فَعلان ہے ۱۲ منہ [3] قولہ عین ثالث یہ چھٹے اور ساتویں وزن کا ذکر ہے۔ چھٹا وزن فَعَلَۃ ہے جیسے غَلَبَۃ اور ساتواں وزن فَعِلَۃ ہے جیسے سَرِقَۃ۔ یہاں تک سات وزن مذکور ہو چکے۔ باقی رہ گئے ۳۷ اوزان تو ان کا ذکر آئندہ اشعار میں ہے ۱۲ منہ [4] قولہ فَعَالِیَۃ اس میں یاء پر تشدید نہیں ہے ۱۲ منہ [5] قولہ کَرَاھِیَۃ اس میں کاف وراء کو فتحہ ہے اور ھاء کو کسرہ، اس کے بعد یاء کو فتحہ بغیر تشدید۔ اس کا معنی ہے ناپسند داشتن از سمع ۱۲ منہ [6] قولہ عین واول اس میں واؤ عاطفہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ چھٹے اور ساتویں اور آٹھویں شعر میں جو آٹھ وزن مذکور ہیں۔ ان سب میں پہلا حرف مفتوح ہے اور ان آٹھ میں سے چوتھے وزن کے علاوہ باقی سات اوزان کے عین کلمہ بھی مفتوح ہیں اور ان آٹھ میں سے چوتھا وزن جو فَعلُولَۃ ہے، اس کا عین کلمہ مفتوح نہیں، بلکہ ساکن ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

ہم فَعِیلَۃ ہم فَعِیل و فَاعِلَۃ ۱۱ چوں قَطِیعَۃ ہم وبیض وکَاذِبَۃ

ایں ہمہ[1] با فتح اول کسر عین ۱۲ عین رابع ساکن ست ای نورعین

مَفْعُلَۃ مَفْعُول ہم مَفْعُولَۃ ست ۱۳ مَمْلُکَۃ مَکْذُوب ہم مَکْذُوبَۃ ست

ہم فَعُول ہم فُعُولَۃ ہم فُعُول ۱۴ چوں قَبُول[2] ہم مُھُوبَۃ ہم دخول

ایں[3] ہمہ با فتح اول ضم عین ۱۵ خامس وسادس بداں با ضمتین

ہم فِعَل دیگر فِعَالَۃ ہم فِعَال ۱۶ چوں صِغَر دیگر دِرَایَۃ ہم فِصَال

ہم فُعَل دیگر فُعَالَۃ ہم فُعَال ۱۷ چوں ھُدًی دیگر بُغَایَۃ ہم سُوَال

اندریں[4] ہا فتح عین وکسر فا ۱۸ در سہ وزن وضمہ فا در سہ جا

بعد ازاں فَعَلَاءُ و فَعُولَۃ بفتح ۱۹ وزن آں دَغْبَاءُ و جَبُوْرَۃ بفتح

در دوم[5] تشدید وضم مرعین را ۲۰ وزن ہا شد ختم از فضل خدا

---

[1] قولہ ایں ہمہ یعنی دسویں اور گیارہویں شعر میں جو سات وزن مذکور ہیں، ان سب میں پہلا حرف مفتوح ہے اور ان میں چوتھے وزن کے علاوہ باقی تمام اوزان کے عین کلمہ مکسور ہیں اور ان میں سے چوتھا وزن جو فَعْلُوۃ ہے، اس کا عین کلمہ مکسور نہیں ہے، بلکہ ساکن ہے ۱۲ منہ [2] قولہ قبول بفتح اول وضم ثانی وسکون ثالث۔ اس وزن پر صرف پانچ الفاظ پائے جاتے ہیں، وضوء۔ طھور۔ وقود۔ ولوع۔ قبول ۱۲ منہ [3] قولہ ایں ہمہ یعنی تیرھویں اور چودھویں شعر میں جو چھ وزن مذکور ہیں، ان میں سے پانچویں اور چھٹے وزن کے علاوہ باقی چار کا پہلا حرف مفتوح ہے اور عین کلمہ مضموم ہے اور ان میں سے پانچواں وزن جو فُعُولَۃ ہے اور چھٹا وزن جو فُعُول ہے۔ ان دونوں کا پہلا حرف بھی مضموم ہے اور عین کلمہ بھی مضموم ہے ۱۲ منہ [4] قولہ اندریں ہا یعنی سولہویں اور سترھویں شعر میں جو چھ وزن مذکور ہیں ان سب کا عین کلمہ مفتوح ہے اور ان میں سے پہلے تین کا فاء کلمہ مکسور ہے اور آخری تین کا فاء کلمہ مضموم ہے ۱۲ منہ [5] قولہ دردوم یعنی انیسویں شعر میں جو دوسرا وزن فَعُّولَۃ ہے۔ اس کا عین کلمہ مضموم اور مشدد ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

(۱۷) فعلِ ماضی پر نفی کے لیے لا بھی داخل کرتے ہیں مگر ماضی پر لا داخل ہونے کے لیے تین باتوں میں سے ایک بات شرط ہے (۱) دوسرے ماضی پر لا مکرر ہو، خواہ لفظاً خواہ معنیً جیسے فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی اور جیسے فلا اقتحم العقبۃ۔ یعنی فلا فكّ رقبة ولا اطعم مسكيناً۔
(۲) ماضی دعا کے لیے ہو جیسے الا لا بارك الله فی سُهيل (۳) ماضی جواب قسم ہو جیسے ؎

حسبُ المحبين فی الدنيا عذابهم　　تاالله لا عذبتهم سقرُ

یعنی اہل محبت کے لیے دنیا کی مصیبت کافی ہے، خدا کی قسم انہیں جہنم کی سزا نہیں ملے گی

لیکن بعض اشعار میں خلافِ قیاس کسی شرط کے بغیر ہی ماضی پر لا داخل کر دیا گیا ہے جو نادر ہے۔

(۱۸) فعل مضارع پر نفی کے لیے کبھی مَا بھی آتا ہے جیسے وما يخدعون الّا انفسهم اور جیسے مايومن اكثرهم بالله الا وهم مشركون. مضارع پر ما داخل کرنے کے لیے کوئی شرط نہیں ہے، لیکن مضارع پر ما بہت کم آتا ہے۔

(۱۹) لم کی طرح لمّا بھی فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور لم کا عمل کرتا ہے اور لم کی طرح وہ بھی فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، مگر لمّا زمان ماضی کے استغراق کے لیے آتا ہے اور لم استغراق پر دلالت نہیں کرتا ہے، لہٰذا لم يضرب کا یہ معنی ہے کہ اس نے نہیں مارا اور لمّا يضرب کا یہ معنی ہے کہ اس نے اب تک نہیں مارا۔

(۲۰) لام امر کبھی حاضر معروف پر بھی آتا ہے جیسے قرأت میں فلتفرحوا اور جیسے ایک حدیث میں ہے لتاخذوا مصافكم۔ اور شعر میں کبھی لام امر حذف کر دیا جاتا ہے لیکن اس کا عمل باقی رکھا جاتا ہے اور لفظ قل کے بعد نثر میں بھی لام امر حذف کر دیا جاتا ہے جیسے قل لعبادی الذين اٰمنوا يقيموا الصلوٰة یعنی ليقيموا الصلوٰة۔

(۲۱) لم کی طرح کبھی کبھی لن بھی جزم کرتا ہے ع فلن يحلُ للعينين بعدك منظرُ اس مثال میں فعلِ مضارع مجزوم ہے۔

(۲۲) ضرورتِ شعری کی وجہ سے کبھی کبھی لم کے بعد فعل مضارع مرفوع بھی ہوتا ہے، لیکن

Marfat.com

مغنی میں ابن ہشام کے قول سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نظم و نثر دونوں میں لم کے بعد فعل مضارع مرفوع ہوتا ہے اور ابن مالک نے یہ تصریح کی ہے کہ بعض قبائل کی لغت میں لم کے بعد فعل مضارع مرفوع ہوتا ہے نظم میں بھی اور نثر میں بھی۔

(۲۳) بعض قبائل کی لغت میں لن کی طرح لم بھی نصب کرتا ہے، چنانچہ ایک قرأت میں الم نشرح نصب کے ساتھ ہے۔

(۲۴) ہمزہ وصل وہ ہمزہ ہے جو باب افعال کے علاوہ کسی باب کے مصدر یا ماضی معروف یا ماضی مجہول یا امر حاضر معروف میں فاء کلمہ سے پہلے ہو جیسے اُنْصُرْ۔ اِذْهَبْ۔ اِسْمَعْ۔ اِقْتِدَار۔ استخراج۔ انفطار۔ احرنجام وغیرہ اور ان مصادر کے ماضی معروف و ماضی مجہول و امر حاضر معروف۔ یوں ہی لام تعریف و میم تعریف سے پہلے بھی ہمزہ وصل ہوتا ہے۔ ان کے علاوہ دس مخصوص اسماء میں بھی ہمزہ وصل ہوتا ہے، وہ اسماء یہ ہیں: ع۱ ابن۔ ع۲ ابنۃ ع۳ ابنم ع۴ اسم ع۵ است ع۶ اثنان ع۷ اثنتان ع۸ امرء ع۹ امرأۃ ع۱۰ ایمن (شافیہ)

بعض علماء نے اس کو فارسی میں نظم کیا ہے، وہ نظم یہ ہے ؎

ہمزہ زائد با ول مصدر و ماضی و امر — است جز افعال وصلیہ نبزد صرفیان

ہم بالِ امر ابہم و ایمن ابن و ابنم اسم و است — امرأۃ اثنان و امرء ابنۃ و در اثنتان

جز اقسام گزشتہ ہمزہ قطعی بود — کو بحال درج می ماند مگر بعض[1] مکان

اس نظم میں لفظ ایم بھی ہے، لیکن میرا یہ خیال ہے کہ یہ ایمن کا مخفف ہے، لہذا اس نظم اور شافیہ میں تخالف نہیں فلیحرر۔ البتہ قانونچہ کھیوالی میں ہمزہ قطعی کو نو قسموں میں منحصر کر کے یہ صراحت کی ہے کہ باقی تمام ہمزہ وصلی ہیں، وہ نو قسمیں یہ ہیں: (۱) استفہام کا ہمزہ جیسے این۔ انّی اور ہمزہ مفتوحہ (۲) نداء کا ہمزہ جیسے اَیْ۔ اَیَا اور ہمزہ مفتوحہ (۳) تکلم کا ہمزہ جیسے اَضْرِبُ (۴) باب افعال کا ہمزہ جیسے

[1] قولہ مگر بعض مکان یعنی بعض مکان میں ہمزہ قطعی باقی نہیں رہتا۔ چنانچہ خلیل نحوی کے نزدیک لام تعریف سے پہلے ہمزہ قطعی ہے۔ مگر وہ ساقط ہو جاتا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

اکرام (۵) اصلی ہمزہ جیسے اِذْنٌ - اُذُنٌ (۶) فعل تعجب کا ہمزہ جیسے ما احسن واحسن بزید۔
(۷) جمع کا ہمزہ جیسے اقوال - اکلب - اصابع - اساورۃ (۸) افعل کا ہمزہ جیسے
احمد - احمر - اطیب (۹) علم کا ہمزہ جیسے اسماعیل - اسحاق - اسرافیل۔

(اقول) استفہام ونداء کے ہمزہ کے ذکر کی حاجت نہیں، کیونکہ ان دونوں میں ہمزہ اصلی ہیں
نہ کہ زائد، جس طرح کہ ام - اما - الا، الا - الو - اولاء - اولی - ای تفسیریہ - ان مصدریہ
ان شرطیہ - ای وایۃ موصولہ وغیرہ میں ہمزہ اصلی وقطعی ہیں - نیز قانونچہ کھیوالی کی تصریح کے مطابق
الذی - التی - اللاتی - اللواتی وغیرہ کا ہمزہ بھی قطعی ہونا چاہیے، کیونکہ ان سب میں بھی ہمزہ اصلی ہی ہیں
نہ کہ زائد - اور اسم جلالت اَللّٰہ کا ہمزہ بھی قطعی ہونا چاہیے کیونکہ اصح مذہب پر علم ہے - اسی طرح
امرء القیس - ابن عباس - المنجد وغیرہ کا ہمزہ بھی قطعی ہونا چاہیے، کیونکہ یہ سب علم ہیں - اور اگر
علم سے عجمی علم مراد لیا جائے تو اب اس کے ذکر کی حاجت نہیں رہتی کیونکہ وہ اصلی ہمزہ میں مندرج ہے۔

(۲۵) ہمزۂ وصل سے پہلے لام تعریف ہو تو ہمزۂ وصل ساقط ہو جائے گا اور لام تعریف مکسور ہو گا
جیسے بِئْسَ لِاسْمُ الْفُسُوْقُ۔

(۲۶) بعض قبائل کی لغت یہ ہے کہ ہمزۂ وصل کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ہمزۂ وصل ساقط
کرتے ہیں جیسے قُمَ الَّیْلَ (بفتح میم) اور قَالَتُ اخْرُجْ (بضم تاء) اور قَدُ اسْتُهْزِئَ (بضم دال)
اور قَالَتِ اذْهَبْ (بکسر تاء)

(۲۷) یاء کے علاوہ باقی تین علامت مضارع کو سمع یسمع کے باب میں کسرہ بھی جائز ہے چنانچہ
نَشْهَدُ - نِشْهَدُ دونوں جائز ہیں - اسی طرح تفعل وتفاعل وتفعلل کے باب میں بھی، چنانچہ
نَتَقَبَّلُ - نِتَقَبَّلُ دونوں جائز ہیں - یونہی اس باب میں بھی کہ جس کی ماضی میں ہمزہ وصل ہو، چنانچہ
نَنْصَرِفُ - نِنْصَرِفُ دونوں جائز ہیں اور سمع یسمع کے مثال واوی میں یاء کو بھی کسرہ جائز ہے
چنانچہ یَوْجَلُ - یِیْجَلُ دونوں جائز ہیں - ان کے علاوہ دوسری جگہ علامتِ مضارع کو کسرہ شاذ
ہے، چنانچہ ایک قراءت میں نون کو کسرہ کے ساتھ نِعْبُدُ بھی ہے۔

Marfat.com

(۲۸) کَتِفٌ۔ کو کَتْفٌ۔ کِتْفٌ اور فَخِذٌ کو فَخْذٌ۔ فِخْذٌ پڑھنا جائز ہے اسی طرح عَضُدٌ کو عَضْدٌ اور اِبِلٌ کو اِبْلٌ اور قُفُلٌ کو قُفْلٌ اور عُنُقٌ کو عُنْقٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔ یہاں پر کَتِفٌ سے ہر وہ لفظ مراد ہے جس میں فتحہ کے بعد کسرہ ہو، لیکن کسرہ والا حرف حرفِ حلقی نہ ہو اور فَخِذٌ سے ہر وہ لفظ مراد ہے جس میں فتحہ کے بعد کسرہ ہو اور کسرہ والا حرف حرفِ حلقی ہو، اسی طرح عضد سے بھی وہ لفظ مراد ہے جس میں فتحہ کے بعد ضمہ ہو۔ یونہی اِبِلٌ سے وہ لفظ مراد ہے جس میں دو حرف مکسور ایک جگہ ہوں اور قُفُل سے وہ لفظ مراد ہے جس میں ضمہ کے بعد ساکن ہو اور عُنُق سے وہ لفظ مراد ہے جس میں دو حرف مضموم ایک جگہ ہوں۔ یہ قاعدہ اسم کے ساتھ مختص نہیں ہے۔ اس قاعدہ کو اسم کے ساتھ مختص جاننا غلط ہے۔ فصول اکبریہ میں ہے: روا است تسکین عین فَعِلَ و فَعُلَ و در شَهِدَ شَهْدَ و شِهْدَ اھ جاربردی شرح شافیہ میں ہے: ان مثله یجوز فی الفعل ایضا نحو کَرُمَ الرجلُ فی کَرْمَ الرجلُ اھ جاربردی ہی میں ہے، شبه بفَعُلَ وفَعِلَ قولهم فهو و فهی و وهو و وهی و لهو و لهی وکذا اَهو و اَهِیَ اھ ملتقطا۔ شافیہ میں ہے، واما سکون هاء وهو و وهی و فهی فعارض فصیح وشبه به اَهو و اَهیَ اھ۔ اسی طرح بیضاوی میں یہ لکھا ہے، فَهُوَ کو فَهْوَ (بسکون ہا) اور وَهُوَ کو وَهْوَ (بسکون ہاء) پڑھنا جائز ہے۔

(۲۹) اسم مفعول کے چند اوزان یہ بھی ہیں: رَسُولٌ۔ قَتِیلٌ۔ مُضْحَكَةٌ۔ قَبَضٌ۔ ذِبْحٌ۔ دَافِقٌ۔

(۳۰) اسم آلہ کے چند اوزان یہ بھی ہیں، سِوَادٌ۔ مُدُقٌّ۔ مُنْخُلٌ۔ مُشْطٌ۔ وَقُودٌ۔

(۳۱) ثلاثی مجرد کے تمام ابواب کے مصدر میمی مفتوح العین ہوتے ہیں، مگر وہ مثال واوی کہ جس کے مضارع کا فاء کلمہ محذوف ہو، اس کا مصدر میمی مکسور العین ہوگا، خواہ مضارع مفتوح العین ہو یا مکسور العین ہو۔ البتہ جس مثال واوی کا عین کلمہ ماضی میں مکسور ہو اور وہ فعل لازم ہو، اس کا مصدر میمی مکسور العین ہی ہوگا۔ اس کے برخلاف کچھ مصدر میمی خلافِ قیاس بھی ہیں جو کہ شاذ ہیں۔

Marfat.com

(۳۲) اسم مبالغہ اس اسم کو کہتے ہیں جس سے یہ سمجھا جائے کہ موصوف میں صفت زیادہ ہے جیسے عَلَّامٌ (بہت زیادہ جاننے والا)۔ مبالغہ اور اسم تفضیل میں یہ فرق ہے کہ مبالغہ سے بس اتنا ہی سمجھا جاتا ہے کہ موصوف میں صفت زیادہ ہے۔ کس سے زیادہ ہے یہ نہیں سمجھا جاتا ہے۔ اور اسم تفضیل سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ موصوف میں صفت دوسرے سے زیادہ ہے، لہذا عَلَّامٌ کا معنی ہے بہت زیادہ جاننے والا اور اَعْلَمُ کا معنی ہے دوسرے سے زیادہ جاننے والا۔ اسی لیے اسم تفضیل کا استعمال کبھی مِن کے ساتھ ہوتا ہے جیسے اعلم من زید اور کبھی اضافت کے ساتھ جیسے اَعْلَمُ الْقَوْمِ اور کبھی الف لام کے ساتھ جیسے اَلْاَعْلَمُ۔ اوران تین طریقوں کے بغیر اسم تفضیل کا استعمال جائز نہیں ہے۔

اور اگر کسی جگہ اسم تفضیل کا استعمال تین طریقوں کے بغیر ہوا ہے تو وہاں مَن مقدر ہے۔ علم الصیغہ میں ہے: "اللہ اکبر مراد ایں است کہ اکبر من کل شیئ۔ شرح جامی میں ہے: ولا یجوز خلوہ عن الکل ایضا لفوات الغرض الا ان یعلم المفضل علیہ مثل اللہُ اَکْبَرُ

(۳۳) مبالغہ کے اوزان سماعی اور کثیر ہیں جیسے حَذِرٌ۔ غُفُلٌ۔ عَلِیْمٌ۔ عَلَّامٌ۔ عَلَّامَۃٌ۔ کُبَّارٌ۔ فَارُوْقٌ۔ کَذُوْبٌ۔ رَاوِیَۃٌ۔ صِدِّیْقٌ۔ مِحْرَبٌ۔ فَرُوْقَۃٌ۔ مِنْطِیْقٌ۔ مِفْضَالٌ۔ ضُحَکَۃٌ۔ مبالغہ کا صیغہ جو مذکر کے لیے ہے وہی مونث کیلئے بھی

تنبیہ: علامۃ جو مبالغہ کا صیغہ ہے، اس کے آخر میں تا، تانیث نہیں ہے، بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے۔ اسی طرح فَہَّامَۃ۔ فروقۃ وغیرہ میں بھی تا، تانیث نہیں ہے، لیکن اللہ تعالیٰ پر علام کا اطلاق جائز ہے اور علامۃ کا اطلاق ناجائز۔ کیونکہ اس کے آخر کی تا، تانیث کے مشابہ ہے اور اللہ تعالیٰ تانیث سے بھی پاک ہے اور تانیث کی مشابہت سے بھی پاک ہے۔

(۳۴) فَعِیْلٌ کبھی فاعل کے معنی میں آتا ہے جیسے نَصِیْرٌ (بہت مدد کرنے والا) اور کبھی مفعول کے معنی میں آتا ہے جیسے قَتِیْلٌ و جَرِیْحٌ بمعنی مقتول و مجروح، لیکن فعیل جب

Marfat.com

فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر کے لیے مذکر اور مؤنث کے لیے مؤنث بولا جائے گا جیسے زید نصیرٌ وھند نصیرۃ اور فعیل جب مفعول کے معنی میں ہو اور اس کا موصوف مذکور نہ ہو، تو یہ بھی مذکر کے لیے مذکر اور مونث کے لیے مؤنث بولا جائے گا اور جب اس کا موصوف مذکور ہو تو مذکر و مونث دونوں کے لیے مذکر ہی کا صیغہ بولا جائے گا جیسے زید قتیل وھند قتیلٌ۔

(۳۵) اسمِ جامد سے فاعل کا وزن نسبت پر دلالت کرتا ہے جیسے تامِرٌ۔ تمر والا۔ لَابِنٌ۔ دُودھ والا۔ اور کبھی فَعَّالٌ کا وزن بھی نسبت پر دلالت کرتا ہے جیسے تَمَّارٌ۔ لَبَّانٌ۔ یعنی تمر والا۔ دودھ والا۔

(۳۶) فاعل کا صیغہ عدد کے مرتبہ کے لیے بھی آتا ہے جیسے عاشر۔ دسواں۔ لیکن جو عدد مرکب ہو، اس کا صرف پہلا جز فاعل کے وزن پر لایا جاتا ہے جیسے حادی عشر۔ ثانی عشر۔ حادی وعشرون۔ ثانی وعشرون۔ دہائیوں میں عشرہ کے علاوہ باقی دہائیاں عدد کے لیے بھی ہیں اور عدد کے مرتبہ کے لیے بھی ہیں، لہٰذا عشرون کا معنی بیس بھی ہے اور بیسواں بھی۔ اسی طرح ثلاثون کا معنی تیس ہے اور تیسواں بھی، وعلیٰ ھٰذا القیاس۔

(۳۷) اسمِ نوع اس اسم کو کہتے ہیں جس سے فعل کی نوع سمجھی جائے جیسے جلست جِلسۃَ القارِی۔ میں قاری کی طرح بیٹھا۔ جلست جلستی القاری والمصلی۔ میں قاری اور نمازی کی طرح بیٹھا۔ جلست جلسات القاری والمصلی والاسد۔ میں قاری و نمازی اور شیر کی طرح بیٹھا۔ ان مثالوں میں جِلسۃٌ۔ جِلستینِ اور جِلسَاتٌ اسم نوع ہیں۔ ثلاثی مجرد سے اسم نوع کا واحد فِعْلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مشیت مِشیَۃَ المختال۔ تو متکبر کی طرح چلا۔ اور غیر ثلاثی مجرد سے مصدر کے آخر میں تاء لگانے سے اسم نوع بن جاتا ہے جیسے انطلقت انطلاقۃَ الاسدِ۔ میں شیر کی طرح چلا۔

(۳۸) اسم مرۃ اس مصدر کو کہتے ہیں جس سے فعل کے واقع ہونے کی تعداد سمجھی جائے جیسے ضربت ضربۃً۔ میں نے ایک مرتبہ مارا۔ ضربت ضربتین۔ میں نے دو مرتبہ مارا۔

Marfat.com

ضربت ۔ضربات میں نے بہت مارا۔ ان مثالوں میں ضربۃ ۔ضربتین اور ضربات۔ اسم مرۃ ہیں۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا واحد فَعْلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضربت ۔ضربۃ۔ جلست ۔جَلسۃً۔ اور غیر ثلاثی مجرد سے مصدر کے آخر میں تاء لگانے سے اسم مرۃ بن جاتا ہے جیسے انطلقت انطلاقۃ۔ لیکن اگر غیر ثلاثی مجرد کے مصدر کے آخر میں تاء پہلے ہی سے موجود ہو تو واحد کے لیے مصدر کے بعد ایسا کلمہ لایا جاتا ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے قاتلتہ مقاتلۃ واحدۃ۔ قاتلتہ مقاتلۃ لاغیر۔ اجبتہ اجابۃ فقط۔ تثنیہ وجمع کے لیے مصدر کے آخر میں کسی کلمہ کے لانے کی حاجت نہیں ہوتی جیسے قاتلتہ۔ مقاتلتین۔ قاتلتہ مقاتلات۔

(۳۹) اسم مقدار اس اسم کو کہتے ہیں جس سے مفعول کی مقدار سمجھی جائے جیسے اعطیتہ اُکلۃً۔ میں نے اس کو اتنا دیا جو ایک مرتبہ کھایا جائے اعطیتہ اُکلتین۔ میں نے اس کو اتنا دیا جو دو مرتبہ کھایا جائے اعطیتہ اُکلاتٍ میں نے اس کو اتنا دیا جو بہت مرتبہ کھایا جائے۔ ان مثالوں میں اکلۃً۔ اکلتین۔ اکلات اسم مقدار ہیں۔ ثلاثی مجرد سے اسم مقدار ہیں۔ ثلاثی مجرد سے اسم مقدار کا واحد فُعْلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے اکلان لُقْمَۃً میں نے اتنا کھایا جو ایک مرتبہ نگلا جائے۔ ھَاتِ لُعْقَۃً۔ اتنا دے جو ایک مرتبہ چاٹا جائے

(۴۰) مؤنث معنوی کثیر ہیں جن میں سے چند یہ ہیں: (۱) مونث کا علم جیسے زینب۔ مریم۔ (۲) وہ اسم جو مؤنث کے ساتھ مختص ہے جیسے اخت - بنت ۔ احد (۳) قبیلہ شہر ۔قصبہ۔ قریہ یا کسی جگہ کا نام جیسے قریش ۔ شام ۔ مصر (۴) ہواکے اسماء جیسے صبا۔ قبول۔ دبور جنوب۔ شمال۔ مگر اعصار مذکر ہے (۵) انسان کے اس عضو کا نام کہ جس کا زوج ہو جیسے عین۔ اذن۔ ساق۔ مگر یہ اکثری ہے لہٰذا اصدغ۔ مرفق۔ حاجب۔ خدّ مذکر ہیں نہ کہ مؤنث۔
(۶) اصبع۔ دار۔ نار۔ سقر وغیرہا۔
(۴۱) کچھ اسماء ایسے بھی ہیں جو مذکر و مؤنث دونوں طرح مستعمل ہوتے ہیں جیسے ابط۔ ابہام۔

Marfat.com

اذار۔ بلد۔ کبد۔ لسان وغیرہ۔

(۴۲) فعل ومصدر اور مشتق کی طرح جامد بھی صحیح ومہموز اور معتل ومضاعف ہوتا ہے جیسے رَجُلٌ۔ رَأس۔ ضَیُوَنٌ۔ شَرَرٌ۔

(۴۳) فتح یفتح کے باب کا مصدر ہو یا فعل ہو، دونوں کے عین کلمہ یا لام کلمہ میں حرف حلقی ہونا لازم ہے، بشرطیکہ صحیح ہو، یعنی معتل یا مہموز یا مضاعف نہ ہو۔

(۴۴) فصول اکبریہ وغیرہا میں یہ لکھا ہے کہ ہمزۂ متحرکہ فتحہ کے بعد ہو تو اس کو الف اور ضمہ کے بعد ہو تو اس کو واؤ ساکن اور کسرہ کے بعد ہو تو اس کو یاء ساکن کر دینا جائز ہے، مگر رضی اور جاربردی وغیرہ میں یہ لکھا ہے کہ ہمزہ کی حرکت اور اس کے ماقبل کی حرکت کی موافقت شرط ہے، یعنی ہمزہ مفتوحہ کو فتحہ کے بعد الف اور ہمزہ مضمومہ کو ضمہ کے بعد واؤ ساکن اور ہمزہ مکسورہ کو کسرہ کے بعد یاء ساکن کر دینا جائز ہے جیسے منسأَة سے منساة (الف کے ساتھ) اور دُؤُسٌ سے دوس (واؤ کے ساتھ) اور مُستهزِئين سے مستهزين۔ کیونکہ ہمزہ جب یاء ساکن سے بدل گیا، تو اجتماع ساکنین ہو گیا اور ایک یاء حذف ہو گئی تو مستهزِينَ ہو گیا۔ سیبویہ نے کہا ہے کہ یہ قاعدہ ضرورت شعری کے لیے تو قیاسی ہے، لیکن ضرورتِ شعری کے بغیر تو یہ قاعدہ سماعی ہے۔

(۴۵) واؤ ساکن اور یاء ساکن فتحہ کے بعد ہوں تو الف سے بدل دینا جائز ہے جیسے توبة سے تابة۔ ضاربین سے ضاربان، چنانچہ ایک قرأت میں ان هذان لساحران ہے، اور بخاری شریف میں افک کی حدیث میں ایک روایت میں اتینا الجیش کی جگہ اتانا الجیش ہے۔ اسی طرح من احب کریمتاہ فلا یکتب بعد العصر بھی منقول ہے۔

(۴۶) جو واؤ علامت ہے مضارع مفتوحہ اور فتحہ کے درمیان ہو، اس کو حذف کرنے کے لیے علماء نے یہ شرط لکھی ہے کہ اس کا عین کلمہ یا لام کلمہ حرف حلقی ہو، مگر اس پر الفاظ کثیرہ سے نقوض وارد ہوتے ہیں، مثلاً یوجَعُ۔ یوجَأُ۔ یوبَأُ۔ یودَعُ۔ یورَعُ۔ یوزَعُ۔ یوسَعُ۔ یوسَخُ۔ یَوْحَرُ۔ یَجَدُ۔ یَجُرُ۔ یَحُرُ۔ یَذَرُ۔ لہذا اس ناچیز کی ناقص رائے یہ ہے کہ جو واؤ

Marfat.com

علامتِ مضارع مفتوحہ اور فتحہ یا ضمہ کے درمیان ہو، اس کا حذف سماعی مانا جاتا ہے۔ اس کے بر خلاف جو واؤ علامتِ مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان ہو، اس کا حذف قیاسی بتایا جاتا ہے۔ واللہ اعلم

(۴۷) باب تفعیل کے ناقص و لفیف اور مہموز لام کا مصدر تَفْعِلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے تسمیہ۔ تحیۂ۔ تخطئہ اور کبھی کبھی باب تفعیل کے صحیح کا مصدر بھی تَفْعِلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے تجربہ۔ تذکرہ۔ تبصرہ۔ اور باب تفعیل کے ناقص کا مصدر ضرورتِ شعری کے سبب تفعیل کے وزن پر بھی آتا ہے جس طرح کہ ایک شعر میں تَنْزِیًّا ہے کیونکہ اس شعر کے دوسرے مصرع کے آخر میں صبیًّا ہے۔

(۴۸) باب افعال کے اجوف کا مصدر کبھی افعال کے وزن پر آتا ہے جیسے ارواح اور کبھی اِفْعَلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے اِقَامَۃٌ۔ اسی طرح باب استفعال کے اجوف کا مصدر کبھی استفعال کے وزن پر آتا ہے جیسے استصواب اور کبھی اِسْتِفْعَلَۃٌ کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے اِسْتِقَامَۃٌ۔

(۴۹) معتل کے آٹھویں قانون کے لیے علماء نے صرف تیرہ شرطیں لکھی ہیں، لیکن درحقیقت پندرہ شرطیں ہیں۔ تیرہ شرطیں تو ہدایۃ الصرف میں مذکور ہیں اور چودھویں شرط یہ ہے کہ اجوف کا اسم آلہ نہ ہو، لہٰذا مِقْوَلٌ و مِقْوَلَۃٌ میں تعلیل نہیں ہوتی و ما قالوا فی عدم تعلیلہ لا یخلو عن تکلف و تعسف فتدبر۔ اور پندرھویں شرط یہ ہے کہ اس کا مصدر افعال یا استفعال کے وزن پر نہ ہو، لہٰذا اَرْوَحَ اور اِسْتَصْوَبَ میں تعلیل نہ ہوئی، کیونکہ اول کا مصدر افعال کے وزن پر ارواح ہے اور دوسرے کا مصدر استفعال کے وزن پر استصواب ہے اور اس کے برخلاف اَقَامَ اور اِسْتَقَامَ میں آٹھواں قانون جاری ہو کر تعلیل ہوتی ہے، کیونکہ اول کا مصدر اِفْعَلَۃٌ کے وزن پر اِقْوَمَۃٌ ہے اور دوسرے کا مصدر اِسْتِفْعَلَۃٌ کے وزن اِسْتِقْوَمَۃٌ ہے واللہ تعالیٰ اعلم!

لہ قولہ تحیہ یہ اصل میں تفعِلۃ کے وزن پر ت ح ی ی ۃ تھا۔ پھر ایک یا کو دوسری میں مدغم کر دیا گیا، تو تبقیۃ کے وزن پر تحیۃ ہو گیا ۱۲ منہ

Marfat.com

(۵۰) یکونُ۔ تکونُ۔ اکونُ۔ نکونُ پر جب حرف جازم داخل ہو اور اس کے بعد کوئی حرف ساکن نہ ہو تو آخر کا نون حذف کر دینا جائز ہے۔ چنانچہ سورۃ مومن کی آیت ہے فَلَمْ یَكُ یَنْفَعُهُمْ اِیْمَانُهُمْ اور سورۃ مومن ہی میں یہ آیت بھی ہے وَاِنْ یَّكُ صَادِقًا یُّصِبْكُمْ اور سورۃ نحل کی آیت ہے وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ اور سورۃ مریم کی آیت ہے لَمْ اَكُ بَغِیًّا۔ اور سورۃ مدثر کی آیت ہے لَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِیْنَ۔ اس کے برخلاف لَمْ یَكُنِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا میں نون کا حذف جائز نہیں ہے، کیونکہ اس کے بعد لام ساکن ہے۔

(۵۱) مہموز اور معتل کی گردانیں: مہموز فا از باب نصر۔ الاخذ لینا۔

اَخَذَ یَاْخُذُ اَخْذًا فَهُوَ اٰخِذٌ واُخِذَ یُؤْخَذُ اَخْذًا فَهُوَ مَاْخُوْذٌ الامر منه خُذْ والنهی عنه لَاتَاْخُذْ الظرف منه مَاْخَذٌ والاٰلة منه مِیْخَذٌ ومِیْخَذَةٌ مِیْخَاذٌ وتثنیتهما مَاْخَذَانِ ومِیْخَذَانِ ومِیْخَذَتَانِ ومِیْخَاذَانِ والجمع منهما مَاٰخِذُ مَاٰخِذُ مَاٰخِذُ مَاٰخِیْذُ افعل التفضیل منه اٰخَذُ والمونث منه اُخْذٰی وتثنیتهما اٰخَذَانِ واُخْذَیَانِ والجمع منهما اٰخَذُوْنَ واَوَاخِذُ واُخَذٌ واُخْذَیَاتٌ۔

تشریح: اس باب کا امر خُذْ خلافِ قیاس ہے اُذْهِنْ کے قاعدہ سے اُوْخُذْ ہونا چاہیے تھا۔ کَلَ یَاْكُلُ کا امر بھی كُلْ خلافِ قیاس ہے۔ اور اَمَرَ یَاْمُرُ کے امر میں دو طریقے جائز ہیں۔ دونوں ہمزے حذف کرنا اور دونوں ہمزے باقی رکھنا یعنی مُرْ اور اُوْمُرْ دونوں مستعمل ہیں۔ اس باب کے مضارع معروف میں واحد متکلم کے سوا باقی تمام صیغوں میں راس کا قاعدہ جاری ہے اسی طرح مفعول اور ظرف میں بھی رَاسٌ کا قاعدہ جاری ہے اور آلہ میں بیرٌ کا قاعدہ جاری ہے اور مضارع مجہول میں واحد متکلم کے سوا باقی تمام صیغوں میں بوسٌ کا قاعدہ اور مضارع معروف کے واحد متکلم میں اسی طرح افعل التفضیل میں امن کا قاعدہ جاری ہے۔ اور افعل التفضیل کے جمع میں اَوَادِمُ کا قاعدہ جاری ہے۔

Marfat.com

نصیحت: الاخذ۔ الامر۔ الاکل کی صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کر لی جائیں۔

۲۔ مہموز فاء از باب ضرب یضرب۔ اَلْاَسْرُ۔ قید کرنا۔ اَسَرَ۔ یَاسِرُ اَسْرًا فھو
اٰسِرٌ و اُسِرَ یُوْسَرُ اَسْرًا فھو مَاسُوْرٌ الامر منہ اِیْسِرْ والنہی عنہ لَا تَاسِرْ
الظرف منہ مَاسِرٌ والاٰلۃ منہ مِیْسَرٌ و مِیْسَرَۃٌ و مِیْسَارٌ وتثنیتھما مَاسِرَانِ
و مِیْسَرَانِ و مِیْسَرَتَانِ و مِیْسَارَانِ والجمع منھما مَاسِرُ مَاسِرُ مَاسِیْرُ
افعل التفضیل منہ اَسَرُ والمونث منہ اُسْرٰی وتثنیتھما اَسَرَان و اُسْرَیَان
والجمع منھما اَسَرُوْنَ و اَوَاسِرُ و اُسَرٌ و اُسْرَیَاتٌ۔

تشریح: اس باب کے امر میں ایمانٌ کا قاعدہ جاری ہوا ہے اور باقی صیغوں کو اَخَذَ کے باب پر قیاس کر کے قاعدہ جاری کیا جائے۔

نصیحت: الاسر وغیرہ کی صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کر لی جائیں۔

۳۔ ثلاثی مجرد کے دوسرے ابواب کے مہموز فاء کی گردانیں بھی اسی طرح کر لی جائیں صرفِ صغیر بھی اور صرفِ کبیر بھی۔

۴۔ مہموز فاء از باب افتعال۔ اَلْاِیْتِمَارُ فرماں برداری حکم بجالانا۔ اِیْتَمَرَ یَاتَمِرُ
اِیْتِمَارًا فھو مُوْتَمِرٌ و اُوْتُمِرَ یُوْتَمَرُ اِیْتِمَارًا فھو مُوْتَمَرٌ الامر منہ اِیْتَمِرْ
النہی عنہ لَا تَاتَمِرْ الظرف منہ مُوْتَمَرٌ۔

تشریح: ماضی معروف اور امر حاضر معروف اور مصدر میں ایمانٌ کا قاعدہ جاری ہے اور ماضی مجہول میں اُوْمِنَ کا قاعدہ جاری ہے اور مضارع معروف میں راسٌ کا قاعدہ جاری ہے اور مضارع مجہول و فاعل و مفعول، اور ظرف میں بُوْسٌ کا قاعدہ جاری ہے۔

نصیحت: الایتمان وغیرہ کی صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کر لی جائیں۔

تنبیہ: مشہور یہ ہے کہ اتخاذ باب افتعال سے مہموز فاء ہے جو قاعدہ کے مطابق ایتخاذ ہونا چاہیے نہ کہ اتخاذ اس لیے اس کو شاذ کہا گیا ہے۔ حق یہ ہے کہ اتخاذ مہموز فاء

60065

Marfat.com

نہیں ہے بلکہ صحیح ہے جس کا فاء کلمہ تاء ہے یعنی اس کا مادہ ت۔ خ۔ ذ ہے نہ کہ ہمزہ اور خ اور ذال ہے جیسا کہ بیضاوی اور المنجد وغیرہ میں مذکور ہے۔

(اقول) کبھی کبھی مہموز اور معتل مترادف بھی ہوتے ہیں جیسے تاکید وتوکید اکذو وکذ تو اسی طرح اس کو مہموز فاء اور مثال واوی مان لیا جائے، تو کوئی حرج نہیں ہونا چاہیئے۔

۵ مہموز فاء از باب استفعال۔ اَلْاِسْتِیْذَانُ اجازت مانگنا۔ اِسْتَاْذَنَ یَسْتَاْذِنُ اِسْتِیْذَانًا فھو مُسْتَاْذِنٌ وَاُسْتُوْذِنَ یُسْتَاْذَنُ اِسْتِیْذَانًا فھو مُسْتَاْذَنٌ الامر منہ اِسْتَاْذِنْ والنہی عنہ لَا تَسْتَاْذِنْ الظرف منہ مُسْتَاْذَنٌ۔

اس باب کے اور ثلاثی مزید فیہ کے دوسرے ابواب کے صیغوں کو اخذ وایتمار کے صیغوں پر قیاس کر کے قاعدہ جاری کیا جائے اور الاستیمان وغیرہ کی صرف صغیر اور صرف کبیر کر لی جائیں

۶ مہموز عین از باب فتح یفتح۔ اَلسُّوَالُ۔ پوچھنا۔ سَاَلَ یَسْاَلُ سُوَالًا فھو سَائِلٌ وسُئِلَ یُسْاَلُ سُوَالًا فھو مَسْئُوْلٌ الامر منہ سَلْ والنہی لَا تَسْاَلْ الظرف منہ مَسْاَلٌ والآلۃ منہ مِسْاَلٌ ومِسْاَلَۃٌ ومِسْاَالٌ وتثنیتہما مَسْاَلَانِ ومِسْاَلَانِ ومِسْاَلَتَانِ ومِسْاَالَانِ والجمع منہما مَسَائِلُ مَسَائِلُ مسائل مَسَائِیْلُ افعل التفضیل منہ اَسْاَلُ والمؤنث منہ سُوْلٰی وتثنیتہما اَسْاَلَانِ وسُوْلَیَانِ والجمع منہما اَسْاَلُوْنَ واَسَائِلُ وسُوَلٌ وسُوْلَیَاتٌ۔

تشریح: اسم فاعل میں اور ظرف وآلہ کے جمع میں اور اسم تفضیل کے جمع تکسیر میں کوئی قاعدہ جاری نہیں ہے۔ مصدر اور اسم تفضیل کے جمع مؤنث تکسیر میں جُوْنٌ کا قاعدہ جاری ہے اور اسم تفضیل کے واحد مؤنث اور تثنیہ مؤنث اور جمع مؤنث سالم میں بُوْسٌ کا قاعدہ جاری ہے اور ماضی کے صیغوں میں بین بین کا قاعدہ جاری ہے۔ باقی تمام میں یَسَلُ کا قاعدہ جاری ہے۔ امر حاضر معروف میں جب یَسَلُ کے قاعدہ سے ہمزہ حذف کر دیا جائے، تو ہمزۂ وصل ساقط ہو جائے گا تو اس کی گردان اس طرح ہوگی، سَلْ سَلَا سَلُوْا۔ سَلِیْ سَلَا سَلْنَ۔ ثلاثی مجرد کے دوسرے ابواب میں بھی

Marfat.com

اسی طرح مہموز کے قواعد جاری کر کے گردانیں کرلیں۔ یَسَلُ کا قاعدہ جاری ہوتے پر لَوُمَ یَلُؤُمُ کے امر حاضر معروف کی گردان اس طرح ہوگی : لُمْ لُمَا لُمُوْا لُمِیْ لُمَا لُمْنَ اور ذَأَذَ یَزْئِرُ کے امر حاضر معروف کی گردان اس طرح ہوگی : زِدْ زِدَا زِدُوْا زِدِیْ زِدَا زِدْنَ ۔

نصیحت : صرفِ صغیر کے ساتھ صرفِ کبیر کی گردانیں بھی کرلی جائیں۔

عـ۷ ثلاثی مزید فیہ کے تمام ابواب کے مہموز عین کی گردانیں بھی اسی طرح کرلی جائیں۔ صرفِ صغیر بھی اور صرفِ کبیر بھی۔

عـ۸ مہموز لام از باب فتح یفتح۔ اِقْرَاءَۃٌ۔ پڑھنا۔ قَرَءَ یَقْرَءُ قِرَاءَۃً فھو قَارِئٌ وَقُرِئَ یُقْرَءُ قِرَاءَۃً فھو مَقْرُوْءٌ الامر منہ اِقْرَءْ والنھی عنہ لَاتَقْرَءْ الظرف عنہ مَقْرَءٌ والاٰلۃ منہ مِقْرَءٌ و مِقْرَءَۃٌ و مِقْرَاءٌ وتثنیتہما مَقْرَءَان و مِقْرَءَان و مِقْرَءَتَان و مِقْرَاءَان والجمع منہما مَقَارِءُ مَقَارِءُ مَقَارِءُ مَقَارِئُ افعل التفضیل منہ اَقْرَءُ والمونث منہ قُرْئٰی وتثنیتہما اَقْرَءَانِ و قُرْءَیَانِ والجمع منہما اَقْرَءُوْنَ و اَقَارِءُ وَقُرَءٌ و قُرْءَیَاتٌ ۔

اس کا مصدر دِرَایۃ۔ ھِدَایۃ۔ کِفَایۃ کی طرح فِعَالَۃٌ کے وزن پر ہے، یعنی قاف مکسور اور را مفتوح جس کے بعد الف پھر ہمزہ مفتوح اور آخر میں تاء مدورہ۔

اس کا مصدر الف اور ہمزہ کے بغیر عِدَۃٌ کے وزن پر قِرَۃٌ پڑھنا غلط ہے۔

تشریح : مہموز لام کے ماضی مجہول کے بعض صیغوں میں میبرٌ کا قاعدہ جاری ہے جیسے قُرِیَ قُرِیَا اور مضارع و امر کے پانچ صیغوں یفعل تفعل افعل نفعل میں داس۔ ذیب۔ بوس کا قاعدہ جاری ہے جیسے لم یَقْرَا۔ لم یَرْدُوْا اور لم یَعْنِیْ۔ ان کے علاوہ مہموز لام کے اکثر صیغوں میں بین بین کا قاعدہ جاری ہے جیسے قَرَءَ۔ یَقْرَءُ وغیرہ میں بین بین کا قاعدہ جاری ہے۔

Marfat.com

نصیحت: صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کرلی جائیں۔

ع۹ ثلاثی مزید فیہ کے تمام ابواب کے مہموز لام کی گردانیں بھی مہموز کے قواعد کے مطابق کرلی جائیں۔ صرفِ صغیر بھی اور صرفِ کبیر بھی کچھ دشوار نہیں۔

ع۱۰ مثال واوی از باب ضرب یضرب: الوعد والعدۃ وعدہ کرنا۔ وَعَدَ یَعِدُ وَعْدًا وعِدَۃً فھو واعِدٌ و وُعِدَ یُوْعَدُ وعدًا وعِدَۃً فھو مَوْعُودٌ الامر منہ عِدْ والنہی عنہ لا تَعِدْ الظرف منہ مَوْعِدٌ والاٰلۃ منہ مِیْعَدٌ و مِیْعَدَۃٌ و مِیْعَادٌ وتثنیتہما مَوْعِدَانِ و مِیْعَدَانِ و مِیْعَدَتَانِ و مِیْعَادَانِ والجمع منہما مَوَاعِدُ مَوَاعِدُ مَوَاعِدُ مَوَاعِیْدُ افعل التفضیل منہ اَوْعَدُ والمؤنث وُعْدٰی تثنیتہما اَوْعَدَانِ و وُعْدَیَانِ والجمع منہما اَوْعَدُوْنَ و اَوَاعِدُ و وُعَدٌ و وُعْدَیَاتٌ۔

تشریح: مضارع معروف کا واؤ قانونِ اوّل سے حذف ہوا ہے اور عِدَۃٌ میں قانونِ ثانی سے تعلیل ہوئی ہے اور ماضی مجہول میں اجوہ کا قاعدہ جاری ہے، اسی طرح اسم تفضیل کے مؤنث میں بھی اُجوہٌ کا قاعدہ جاری ہے۔ اسمِ آلہ کے واحد و تثنیہ میں قانونِ ثالث جاری ہے، لیکن اسم آلہ کی تصغیر مُوَیْعِیْدٌ اور جمع مکسر مَوَاعِدُ و مَوَاعِیْدُ ہے، کیونکہ اس میں قانونِ ثالث جاری نہیں ہے اور اسمِ فاعل مؤنث کی جمع تکسیر اَوَاعِدُ ہے جو اصل میں وَوَاعِدُ تھا۔ اواصل کے قانون سے پہلا واؤ وجوباً ہمزہ ہوگیا ہے۔

نصیحت: الوزن۔ الوجدان۔ الولادۃ وغیرہ کی بھی صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کرلینی چاہیے، کچھ دشوار نہیں اور تمام نہ سہی تو ماضی مطلق مثبت معروف و مجہول اور مضارع مثبت معروف و مجہول اور امر و نہی معروف و مجہول اور اسم فاعل و اسم مفعول کی گردانیں ضرور کرنی چاہیے۔

ع۱۱ مثال یائی از باب ضرب یضرب: اَلْمَیْسِرُ جوا کھیلنا۔ یَسَرَ یَیْسِرُ مَیْسِرًا فھو یَاسِرٌ و یُسِرَ یُوْسَرُ مَیْسِرًا فھو مَیْسُوْرٌ الامر منہ اِیْسِرْ والنہی عنہ لا تَیْسِرْ الظرف منہ مَیْسِرٌ والاٰلۃ منہ مِیْسَرٌ و مِیْسَرَۃٌ و مِیْسَارٌ وتثنیتہما مِیْسَرَانِ

Marfat.com

مِیْسَرَان ومِیْسَرَتَان ومِیْسَارَانِ والجمع منهما مَیَاسِرُ مَیَاسِرُ مَیَاسِرُ مَیَاسِرُ مَیَاسِیْرُ افعل التفضیل منه اَیْسَرُ والمونث منه یُسْرٰی وتثنیتهما اَیْسَرَانِ ویُسْرَیَانِ والجمع منهما اَیْسَرُوْن واَیَاسِرُ ویُسَرٌ ویُسْرَیَاتٌ۔

تشریح: مضارع مجہول میں مُوْسِرٌ کا قانون جاری ہے اس کے علاوہ کوئی تعلیل نہیں صرفِ کبیر بھی کرلینی چاہیے اور نہ سہی تو ماضی مطلق مثبت معروف و مجہول اور امر و نہی معروف و مجہول اور اسم فاعل و اسم مفعول کی گردانیں ضرور کرنی چاہئیں۔

۱۲۔ مثال واوی از باب سمع یسمع۔ اَلْوَجَلُ ڈرنا۔ وَجِلَ یَوْجَلُ وَجْلاً فهو وَاجِلٌ ووُجِلَ یُوْجَلُ وَجْلاً فهو مَوْجُوْلٌ الامر منه ایجل والنهی عنه لاتَوْجَلْ الظرف منه مَوْجِلٌ والاٰلة منه مِیْجَلٌ ومِیْجَلَةٌ ومِیْجَالٌ وتثنیتهما مَوْجِلَانِ ومِیْجَلَانِ ومِیْجَلَتَانِ ومِیْجَالَانِ والجمع منهما مَوَاجِلُ مَوَاجِلُ مَوَاجِلُ مَوَاجِیْلُ افعل التفضیل منه اَوْجَلُ والمونث وُجْلٰی وتثنیتهما اَوْجَلَانِ ووُجْلَیَانِ والجمع منهما اَوْجَلُوْن واَوَاجِلُ ووُجَلٌ ووُجْلَیَاتٌ۔

تشریح: امر حاضر معروف اور اسم آلہ میں مِیْعَادٌ کا قانون جاری ہے اور ماضی مجہول میں اُجُوْهٌ کا قاعدہ جاری ہے۔ اسی طرح اسمِ تفضیل کے مونث میں بھی اجوہ کا قاعدہ جاری ہے۔ اس باب میں اس کے علاوہ کوئی تعلیل نہیں ہوئی ہے۔ اسم تفضیل کی جمع سالم اور جمع تکسیر دونوں اپنی اپنی اصل پر ہیں، البتہ جس اسم کی جمع تکسیر فواعل کے وزن پر ہو اس میں اواصل کا قانون جاری ہوگا۔ صرفِ کبیر بھی کرلینی چاہیے۔ خصوصاً ماضی مطلق مثبت معروف و مجہول اور مضارع مثبت معروف و مجہول اور امر و نہی معروف و مجہول اور اسم فاعل و اسم مفعول کی گردانیں ضرور کرنی چاہئیں۔

۱۳۔ مثال واوی از باب سمع یسمع۔ اَلْوَسْعُ والسَّعَةُ گنجائش رکھنا۔ وَسِعَ یَسَعُ وَسْعًا وسَعَةً فهو وَاسِعٌ ووُسِعَ یُوْسَعُ وَسْعًا وسَعَةً فهو

Marfat.com

مَوْسُوْعٌ الامرمنہ سَعْ والنہی عنہ لا تَسَعْ الظرف منہ مَوْسِعٌ والآلۃ منہ مِیْسَعٌ ومِیْسَعَۃٌ ومِیْسَاعٌ وتثنیتھما مَوْسِعَانِ ومِیْسَعَانِ و مِیْسَعَتَانِ و مِیْسَاعَانِ والجمع منھما مَوَاسِعُ مَوَاسِعُ مَوَاسِعُ مَوَاسِیْعُ افعل التفضیل منہ اَوْسَعُ والمونث منہ وُسْعیٰ وتثنیتھما اَوْسَعَانِ و وُسْعَیَانِ والجمع منھما اَوْسَعُوْنَ واَوَاسِعُ و وُسَعٌ و وُسْعَیَاتٌ۔

تشریح: مضارع معروف کا واؤ قانونِ اول سے حذف ہوا ہے اور سَعَۃٌ میں قانونِ ثانی سے تعلیل ہوتی ہے۔ دوسرے صیغوں کی تعلیلات الوعدُ کے صیغوں کی تعلیلات کی طرح ہیں الوجع کی بھی صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر بھی کر لینی چاہیے خصوصاً ماضی مطلق مثبت معروف ومجہول اور امر ونہی معروف، ومجہول اور اسم فاعل واسم مفعول کی گردانیں ضرور کرنی چاہیے۔

۱۴ مثال واوی از باب فتح یفتح، اَلْهِبَۃُ بخشنا۔ وَهَبَ یَهَبُ هِبَۃً فهو وَاهِبٌ وُهِبَ یُوْهَبُ هِبَۃً مَوْهُوْبٌ الامرمنہ هَبْ والنہی عنہ لا تَهَبْ الظرف منہ مَوْهِبٌ والآلۃ منہ مِیْهَبٌ ومِیْهَبَۃٌ و مِیْهَابٌ و تثنیتھما مَوْهِبَان ومِیْهَبَانِ ومِیْهَبَتَانِ و مِیْهَابَانِ والجمع منھما مَوَاهِبُ مَوَاهِبُ مَوَاهِبُ مَوَاهِیْبُ افعل التفضیل منہ اَوْهَبُ والمونث منہ وُهْبیٰ وتثنیتھما اَوْهَبَانِ و وُهْبَیَانِ والجمع منھما اَوْهَبُوْنَ واَوَاهِبُ و وُهَبٌ و وُهْبَیَات۔

تشریح: مضارع معروف کا واؤ قانون اول سے حذف ہوا ہے اور هِبَۃٌ میں قانونِ ثانی سے تعلیل ہوتی ہے۔ دوسرے صیغوں کی تعلیلات الوعد کی تعلیلات کی طرح ہیں۔ صرفِ کبیر بھی کر لینی چاہیے خصوصاً ماضی مطلق مثبت معروف ومجہول اور مضارع معروف ومجہول اور امر معروف و مجہول اور اسم فاعل واسم مفعول کی گردانیں اور الوضع۔ الوقوع کی بھی صرفِ صغیر اور صرف کبیر کرائی جائیں معروف ومجہول اور امر ونہی معروف ومجہول اور اسم فاعل واسم مفعول کی گردانیں بھی ضرور کرنی چاہئیں۔

Marfat.com

۱۵ مثال واوی از باب حسب یحسب: الومق والمقۃ محبت کرنا۔ ومق یمق ومقا ومقۃ فھو وامق وومق یومق ومقا ومقۃ فھو مومُوقٌ الامر منہ مِقْ والنھی عنہ لاتمق الظرف منہ مومِقٌ والآلۃ منہ میمق و میمقۃ میماق تثنیتھما مومقان و میمقان و میمقتان و میماقان والجمع منھما موامق موامق موامیق۔ افعل التفضیل منہ اومق والمونث منہ ومقیٰ تثنیتھما اومقان و ومقیان والجمع منھما اومقون و اوامق وومق و ومقیات۔

تشریح: الومق کے صیغوں کی تعلیلات الوعد کے صیغوں کی تعلیلات پر قیاس کرکے کرنی چاہیے۔ الورم۔ الورع۔ الولی کی بھی صرف صغیر اور صرف کبیر کرلی جائیں۔ خصوصاً ماضی مطلق مثبت معروف ومجہول اور مضارع مثبت معروف ومجہول اور امر ونہی معروف ومجہول اور اسم فاعل و اسم مفعول کی گردانیں ضرور کرنی چاہیے۔

۱۶ مثال واوی از باب افتعال: الاتقاد۔ آگ روشن ہونا۔ اتقد یتقد اتقادا فھو متقد اُتُّقِدَ یُتَّقَدُ اتقادا فھو متقد الامر منہ اتقد والنھی عنہ لاتتقد الظرف منہ متقد۔

تشریح: اس کے تمام صیغوں میں قانون رابع جاری ہے الاتضاح۔ الاتساع کی بھی صرف صغیر اور صرف کبیر ضرور کرلی جائیں۔

۱۷ مثال یائی از باب افتعال: الاتسار۔ جوا کھیلنا۔ اتسر یتسر اتسارا فھو متسر اُتُّسِرَ یُتَّسَرُ اتسارا فھو متسر الامر منہ اتسر والنھی عنہ لاتتسر الظرف منہ متسر

تشریح: اس کے تمام صیغوں میں بھی قانون رابع جاری ہے الاتقان وغیرہ کی بھی صرف صغیر اور صرف کبیر کرلی جائیں۔ معروف ومجہول اور امر ونہی معروف ومجہول اور اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں ضرور کرنی چاہئیں۔

Marfat.com

۱۸۔ مثال واوی از باب افتعال : الاِسْتِیْقَاد۔ آگ روشن کرنا۔ اِسْتَوْقَدَ یَسْتَوْقِدُ اِسْتِیْقَادًا فھو مُسْتَوْقِدٌ اُسْتُوْقِدَ یُسْتَوْقَدُ اِسْتِیْقَادًا فھو مُسْتَوْقَدٌ الامر منہ اِسْتَوْقِدْ والنہی عنہ لاتَسْتَوْقِدْ الظرف منہ مُسْتَوْقَدٌ۔

تشریح : اس کے مصدر میں واؤ میعاد کے قاعدہ سے یاء ہوگیا ہے الاستیقان۔ الاستیمان وغیرہ کی بھی صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کرلی جائیں۔

۱۹۔ مثال واوی از باب افعال۔ الایقَادُ۔ آگ روشن کرنا۔ اَوْقَدَ یُوْقِدُ اِیْقَادًا فھو مُوْقِدٌ اُوْقِدَ یُوْقَدُ اِیْقَادًا فھو مُوْقَدٌ الامر منہ اَوْقِدْ والنہی عنہ لا تُوْقِدْ الظرف منہ مُوْقَدٌ۔

تشریح : اس کے مصدر میں واؤ میعاد کے قانون سے یاء ہوگیا ہے۔ الایجاب۔ الایضاح۔ الایصال۔ الایقاف وغیرہ کی بھی صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کرلینی چاہیے۔

۲۰۔ اجوف واوی از باب نصر ینصر۔ القَوْلُ۔ کہنا۔ قَالَ یَقُوْلُ قَوْلاً فھو قَائِلٌ وقِیلَ یُقَالُ قَوْلاً فھو مَقُوْلٌ الامر منہ قُلْ والنہی لاتَقُلْ الظرف منہ مَقَالٌ والاٰلۃ منہ مِقْوَلٌ و مِقْوَلَۃٌ ومِقْوَالٌ وتثنیتہما مَقَالَانِ ومِقْوَلَانِ مِقْوَلَتَانِ ومِقْوَالَانِ والجمع منہما مَقَاوِلُ مَقَاوِلُ مَقَاوِلُ مَقَاوِیْلُ افعل التفضیل منہ اَقْوَلُ والمونث منہ قُوْلٰی وتثنیتہما اَقْوَلَانِ وقُوْلَیَان والجمع منہما اَقْوَلُوْنَ واَقَاوِلُ وَقُوَلٌ وقُوْلَیَاتٌ۔

سوال : اسم آلہ کے تیسرے وزن مقوال میں یقالُ کا قانون اس لیے جاری نہیں ہوا کہ واؤ مدہ زائدہ سے قبل ہے لیکن باقی دو صیغوں مِقْوَلٌ و مِقْوَلَۃٌ میں یقالُ کا قاعدہ کیوں جاری نہیں ہوا ؟

جواب : یقالُ کے قانون جاری ہونے کے لیے پندرہ شرطیں ہیں جن میں سے چودھویں شرط یہ ہے کہ اجوف کا اسم آلہ نہ ہو، لیکن یہ شرطیں چونکہ علماء کی کتابوں میں مذکور نہیں

Marfat.com

ہیں، اس لیے ہدایۃ الصرف میں یہ شرطیں نہیں لکھی گئی ہیں، وما قالوا فی عدم تعلیلہ لا یخلواعن تکلّف و تعسف۔

ماضی مطلق مثبت معروف

قَالَ قَالَا قَالُوْا قَالَتْ قَالَتَا قُلْنَ قُلْتَ قُلْتُمَا قُلْتُمْ قُلْتِ قُلْتُمَا قُلْتُنَّ قُلْتُ قُلْنَا۔

تشریح، تمام صیغوں میں قانون سابع جاری ہے۔

ماضی مطلق مثبت مجہول

قِيْلَ قِيْلَا قِيْلُوْا قِيْلَتْ قِيْلَتَا قُلْنَ قُلْتَ قُلْتُمَا قُلْتُمْ قُلْتِ قُلْتُمَا قُلْتُنَّ قُلْتُ قُلْنَا۔

مضارع مثبت معروف

يَقُوْلُ يَقُوْلَانِ يَقُوْلُوْنَ تَقُوْلُ تَقُوْلَانِ يَقُلْنَ تَقُوْلُ تَقُوْلَانِ تَقُوْلُوْنَ تَقُوْلِيْنَ تَقُوْلَانِ تَقُلْنَ اَقُوْلُ نَقُوْلُ

تشریح، تمام صیغوں میں قانون ثامن جاری ہے۔

مضارع مثبت مجہول

يُقَالُ يُقَالَانِ يُقَالُوْنَ تُقَالُ تُقَالَانِ يُقَلْنَ تُقَالُ تُقَالَانِ تُقَالُوْنَ تُقَالِيْنَ تُقَالَانِ تُقَلْنَ اُقَالُ نُقَالُ۔

تشریح، تمام صیغوں میں قانون ثامن جاری ہے۔

Marfat.com

نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف

لَنْ یَّقُوْلَ لَنْ یَّقُوْلَا لَنْ یَّقُوْلُوْا لَنْ تَقُوْلَ لَنْ تَقُوْلَا
لَنْ یَّقُلْنَ لَنْ تَقُوْلَ لَنْ تَقُوْلَا لَنْ تَقُوْلُوْا لَنْ تَقُوْلِیْ
لَنْ تَقُوْلَا لَنْ تَقُلْنَ لَنْ اَقُوْلَ لَنْ نَقُوْلَ۔

تشریح: تمام صیغوں میں قانون ثامن جاری ہے۔

نفی تاکید بلن در فعل مستقبل مجہول

لَنْ یُّقَالَ لَنْ یُّقَالَا لَنْ یُّقَالُوْا لَنْ تُقَالَ لَنْ تُقَالَا
لَنْ یُّقَلْنَ لَنْ تُقَالَ لَنْ تُقَالَا لَنْ تُقَالُوْا لَنْ تُقَالِیْ
لَنْ تُقَالَا لَنْ تُقَلْنَ لَنْ اُقَالَ لَنْ نُقَالَ۔

تشریح: تمام صیغوں میں قانون ثامن جاری ہے

نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف

لَمْ یَقُلْ لَمْ یَقُوْلَا لَمْ یَقُوْلُوْا لَمْ تَقُلْ لَمْ تَقُوْلَا
لَمْ یَقُلْنَ لَمْ تَقُلْ لَمْ تَقُوْلَا لَمْ تَقُوْلُوْا لَمْ تَقُوْلِیْ
لَمْ تَقُوْلَا لَمْ تَقُلْنَ لَمْ اَقُلْ لَمْ نَقُلْ۔

تشریح: تمام صیغوں میں قانون ثامن جاری ہے۔

نفی جحد بلم در فعل مستقبل مجہول

لَمْ یُقَلْ لَمْ یُقَالَا لَمْ یُقَالُوْا لَمْ تُقَلْ لَمْ تُقَالَا

Marfat.com

لَمْ يُقَلْنَ لَمْ تُقَلْ لَمْ تُقَالَا لَمْ تُقَالُوا لَمْ تُقَالِی
لَمْ تُقَالَا لَمْ تُقَلْنَ لَمْ اُقَلْ لَمْ نُقَلْ۔

تشریح، تمام صیغوں میں قانونِ ثامن جاری ہے۔

لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف

لَيَقُولَنَّ لَيَقُولَانِّ لَيَقُولُنَّ لَتَقُولَنَّ لَتَقُولَانِّ
لَيَقُلْنَانِّ لَتَقُولَنَّ لَتَقُولَانِّ لَتَقُولُنَّ لَتَقُولِنَّ
لَتَقُولَانِّ لَتَقُلْنَانِّ لَاَقُولَنَّ لَنَقُولَنَّ

لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل مجہول

لَيُقَالَنَّ لَيُقَالَانِّ لَيُقَالُنَّ لَتُقَالَنَّ لَتُقَالَانِّ
لَيُقَلْنَانِّ لَتُقَالَنَّ لَتُقَالَانِّ لَتُقَالُنَّ لَتُقَالِنَّ
لَتُقَالَانِّ لَتُقَلْنَانِّ لَاُقَالَنَّ لَنُقَالَنَّ۔

تشریح، لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ معروف و مجہول میں قانونِ ثامن جاری ہے۔

امر معروف

لِيَقُلْ لِيَقُولَا لِيَقُولُوا لِتَقُلْ لِتَقُولَا لِيَقُلْنَ
قُلْ قُولَا قُولُوا قُولِی قُولَا قُلْنَ لِاَقُلْ لِنَقُلْ

تشریح، امر معروف باللام کے تمام صیغوں میں قانونِ ثامن جاری ہے جس طرح کہ نفی جحد بلم معروف کے تمام صیغوں میں قانون ثامن جاری ہے اور امر حاضر معروف فعل مضارع معلل سے بنا ہوا ہے، مثلاً قُلْ تَقُولُ سے بنا ہے اس طرح کہ علامتِ مضارع کو حذف کر دیا گیا

Marfat.com

اس کے بعد پہلا حرف قاف چونکہ متحرک ہے، اس لیے ہمزہ وصل نہیں لایا گیا اور آخر میں لَمْ کا عمل کیا گیا تو قُلْ ہو گیا۔ اور بعض علماء امر حاضر معروف کو فعل مضارع غیر معلل سے بناتے ہیں، مثلاً قُلْ تَقْوُلُ سے بناتے ہیں جس میں قاف ساکن اور واؤ مضموم ہے۔ ان کا طریقہ یہ ہے کہ علامتِ مضارع کو حذف کرتے ہیں۔ اس کے بعد پہلا حرف قاف چونکہ ساکن ہے اور عین کلمہ مضموم ہے، اس لیے شروع میں ہمزۂ وصل مضموم لاتے ہیں اور آخر میں لَمْ کا عمل کرتے ہیں، تو اُقْوُلْ بن جاتا ہے۔ پھر اس میں قانون ثامن جاری کر کے تعلیل کرتے ہیں، تو اُقُلْ ہو جاتا ہے۔ اب ہمزۂ وصل کی ضرورت نہیں رہتی، اس لیے وہ ہمزۂ وصل کو ساقط کر دیتے ہیں، تو قُلْ ہو جاتا ہے۔

امرِ مجہول

لِيُقَلْ لِيُقَالَا لِيُقَالُوْا لِتُقَلْ لِتُقَالَا لِيُقَلْنَ لِتُقَلْ لِتُقَالَا
لِتُقَالُوْ لِتُقَالِيْ لِتُقَالَا لِتُقَلْنَ لِاُقَلْ لِنُقَلْ۔

تشریح: تمام صیغوں میں قانونِ ثامن جاری ہے جس طرح کہ نفی جحد بلم مجہول کے تمام صیغوں میں قانون ثامن جاری ہے۔

امر معروف بانونِ تاکید ثقیلہ

لِيَقُوْلَنَّ لِيَقُوْلَانِّ لِيَقُوْلُنَّ لِتَقُوْلَنَّ لِتَقُوْلَانِّ
لِيَقُلْنَانِّ قُوْلَنَّ قُوْلَانِّ قُوْلُنَّ قُوْلِنَّ
قُوْلَانِّ قُلْنَانِّ لِاَقُوْلَنَّ لِنَقُوْلَنَّ۔

تشریح: جمع مؤنث غائب و حاضر کے علاوہ باقی تمام صیغوں میں واؤ واپس آگیا ہے کیونکہ نون ثقیلہ کا ماقبل متحرک ہوتا ہے، اس لیے اجتماع ساکنین نہیں ہوتا جو کہ واؤ کے حذف کا باعث ہے اور تمام صیغوں میں آٹھواں قانون ہی جاری ہے۔

Marfat.com

امر مجہول با نون تاکید ثقیلہ

لِیُقَالَنَّ لِیُقَالَانِّ لِیُقَالُنَّ لِتُقَالَنَّ لِتُقَالَانِّ
لِیُقَلْنَانِّ لِتُقَالَنَّ لِتُقَالَانِّ لِتُقَالُنَّ لِتُقَالِنَّ
لِتُقَالَانِّ لِتُقَلْنَانِّ لِاُقَالَنَّ لِنُقَالَنَّ۔

تشریح: جمع مونث غائب و حاضر کے علاوہ باقی تمام صیغوں میں الف واپس آگیا ہے جو کہ واؤ سے بدلا ہوا ہے۔ واپس آنے کی وجہ یہ ہے کہ نون ثقیلہ کا ماقبل متحرک ہوتا ہے اس لیے اجتماع ساکنین نہیں ہوتا جو کہ الف کے حذف کا باعث ہے اور تمام صیغوں میں آٹھواں قانون ہی جاری ہے۔

نہی معروف

